نیا دور (امریکہ)

پچھلے دنوں امریکہ سے اردو کے ایک ادبی رسالے کا پہلا شمارہ منظر عام پر آیا۔ خوش رنگ سرورق، سفید کاغذ پر عمدہ کتابت اور چھپائی۔ سائز ۸½ × ۱۱، ۱۲۸ صفحات۔ ضخامت خاصی ہے۔ قیمت فی پرچہ دو ڈالر اور سالانہ چندہ [illegible] ڈالر۔

سہیل حالی اور شاہدہ سہیل نیا دور کے مدیران ہیں۔ جنہوں نے بڑی محنت اور سلیقے کے ساتھ یہ پرچہ ترتیب دیا ہے۔ شمالی امریکہ سے اردو کے ادبی رسالے کا جاری کرنا ہی بڑی بات ہے پھر اس کے ساتھ ساتھ معیاری ادب بھی پیش کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ اس "جرأت رندانہ" کے لیے مدیران داد و ستائش کے مستحق ہیں۔

نیا دور کا یہ شمارہ افسانوں، غزلوں، نظموں، قطعات اور مضامین پر مشتمل ہے۔ چند کتابوں کا تعارف بھی کرایا گیا ہے۔ جو اردو کی نئی اور قابل مطالعہ تصنیفات سے بھی باخبر رکھنے کے لیے ایک اچھا اقدام ہے۔ اس رسالے میں کوئی آٹھ افسانے شامل ہیں جن میں سے قرۃ العین حیدر کا "پرستان منزل" غیاث احمد گدی کا "پیاسی چڑیا" اور اعجاز حسین بٹالوی کا "رسی کا دوسرا سرا" خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ حصۂ نظم میں ناصر کاظمی، سلیم احمد اور ن م راشد کا بہترین کلام پیش کیا گیا ہے۔ کلاسیکی موسیقی سے دلچسپی رکھنے والے شاہد احمد دہلوی کے مضمون سے مستفید ہو سکیں گے اور طنز و مزاح کے شائقین کے لیے اس شمارے میں "صبح ہوتی ہے" کے عنوان سے ایک چھوٹا سا مضمون موجود ہے جسے رشید احمد صدیقی نے لکھا ہے۔ ایسے مضامین اگر ایک سے زیادہ ہوں تو اچھا ہے۔

سہیل حالی نے اپنے اداریہ میں لکھا ہے کہ وہ اس رسالے کے ذریعے نہ صرف اردو کا اچھا اور معیاری ادب فراہم کرنا چاہتے ہیں بلکہ یہاں موجود تخلیقی صلاحیتیں رکھنے والوں کو بیدار کر کے انہیں ایک پلیٹ فارم پر لے آنا بھی ان کی دلی خواہش ہے۔ چنانچہ قارئین کو انہوں نے "آپ لکھیے۔ ہم شائع کرتے ہیں" کی دعوت بھی بڑے پُر زور انداز میں دی ہے۔ امید ہے کہ یہ دعوت قلم "یہاں کے خوابیدہ ادیبوں کو جگائے گی اور ہمیں اپنی زبان میں ایسا ادب پڑھنے کو ملے گا جس میں ہماری یہاں کی زندگی کی عکاسی ہو گی۔

شمالی امریکہ میں مقیم اردو ادب سے دلچسپی رکھنے والوں کو "نیا دور" کا یہ نقش اول ضرور پسند آئے گا۔ صوری اعتبار سے بھی اور معنوی اعتبار سے بھی۔

"نیا دور" کا پتہ:

NAYA DAUR
BOX 4992, STATION B
COLUMBUS, OHIO 43202

قطعات

میں اُس کے جسم کا ہوں ایک ذرہ
مری کل عمر اُس کی اک گھڑی ہے
مگر جیسے ذرا سے بیج میں ہو
[illegible]

سلسلے ہیں کبھی خوابوں کے
ہیں قطاریں کبھی سوالوں کی
قافلے آتے جاتے رہتے ہیں
میں گزرگاہ ہوں خیالوں کی

بدن کُشن ہو گیا ہے بیٹھے بیٹھے
مرے قد سے بھی چھوٹا یہ مکاں ہے
میں اپنے پاؤں کچھ پھیلا تو لیتا
مگر آفاق میں وسعت کہاں ہے

رجسٹر میں ہوں اس کے حدِ فاصل
لکھا ہے پھر نظر زد کر دیا ہے
میں تخمینہ ہے اس کے بڑھ گیا تھا
سو فطرت نے مجھے رد کر دیا ہے

ہم اپنی خود کلامی میں ہیں مصروف
ہر اک کچھ اپنی اپنی کہہ رہا ہے
جزیرے ہیں کہ جن کے درمیاں میں
زمانے کا سمندر بہہ رہا ہے

طبیعت صبر کی خوگر ہوئی تھی
غموں کا مرحلہ سر کر لیا تھا
یہ اس نے [illegible]
کہ ہم نے دل کو پتھر کر لیا تھا

آخری پرچہ

کاغذ کی مہنگائی کی وجہ سے ادارہ اخبار کی مفت تقسیم [illegible] بند کرنے پر مجبور رہے۔

جن حضرات کو [illegible] اخبار [illegible] ہے ان کی خدمت میں [illegible] سالانہ چندہ کے ساتھ [illegible] تاکہ اخبار کا سلسلہ جاری رہے۔

جن کرم فرماؤں کا چندہ ختم ہو چکا ہے [illegible] اور اپنی اولین فرصت میں اس کی تجدید کر لیں۔

ہم امید رکھتے ہیں کہ ہمارے قارئین اس شمارے کو اچھا [illegible] آپ کا پرچہ پہنچتا رہے گا۔

شکریہ ادارہ

فنی سلسلہ

موٹر کار کی دیکھ بھال موسم سرما میں

ایم شہزاد (ٹورانٹو)

[illegible]

اب مارچ ... گزر ... نکال ... احتیاط ... ہیں ... مارچ موٹر کار کو اچھی حالت میں رکھنے کے لیے اس کی دیکھ بھال بہت ضروری ہے ... تمام پرزوں کی جانچ اور وقت پر مرمت یا تبدیلی کار کی زندگی میں اضافے کے علاوہ آپ کی پریشانیوں میں کمی کا باعث ہوتی ہے۔

آج کل موسم سرما کا آغاز ہو چکا ہے۔ اس لیے ذیل میں چند مفید مشورے درج کیے جاتے ہیں۔ جن پر عمل کر کے آپ موسم سرما کے دوران پیش آنے والے پریشان کن مسائل سے بچ سکتے ہیں۔

۱۔ بیٹری (BATTERY):-

موسم سرما میں سب سے بڑا مسئلہ کار کی اسٹارٹنگ کا ہوتا ہے جس کا انحصار برقی نظام پر ہے۔ بیٹری چونکہ برقی نظام کا جگر ہے اس لیے اس کی معمولی خرابی کار کے اسٹارٹ کرنے میں پریشان کن ثابت ہو سکتی ہے۔ اس لیے اس کی دیکھ بھال بے حد ضروری ہے۔ عام حالت میں کار کو اسٹارٹ کرنے کے لیے بیٹری کی قوت یا معیار پر زیادہ غور نہیں کیا جاتا۔ مگر درجۂ حرارت میں انتہائی کمی کے دوران پرانی بیٹری سے انجن کو اسٹارٹ کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اس لیے بیٹری کی بیرونی سطح کا اچھی طرح معائنہ کریں۔ اگر کہیں CREAK نظر آئے تو بیٹری تبدیل کر دیں۔ اوپری سطح پر دیے ہوئے دونوں جانب کے ٹرمینل TERMINALS کو دیکھیں اگر وہ گندے ہوں تو کھول کر وائر برش کی مدد سے اچھی طرح صاف کرنے کے بعد پھر سے اچھی طرح کس دیں۔ اس پر دیے ہوئے چھ پلاسٹک کے ڈھکن کو یکے بعد دیگرے کھول کر اندر CELL میں پانی کی سطح کو جانچیں اگر کمی ہو تو گھر کا پانی حسب ضرورت مقدار میں استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر اس طریقے سے بیٹری انجن کو گھمانے (CRANK) میں پوری مدد نہ کرے تو بیٹری کی برقی قوت معلوم کرنے کے لیے کسی سروس اسٹیشن سے LOAD & VOLTAGE TEST کروائیں۔ اگر بیٹری ہر طریقے سے کمزور معلوم ہو تو نئی بیٹری استعمال کریں۔

۲۔ اسٹارٹر (STARTER):-

بیٹری کی قوت کو اسٹارٹر استعمال میں لا کر انجن کو مکمل طور پر CRANK کرتا ہے جو اسٹارٹنگ کے لیے لازمی ہے۔ اگر بیٹری اچھی ہو اور اسٹارٹر میں خرابی تو اسٹارٹنگ کا مسئلہ ختم نہیں ہوگا۔ اس لیے ضروری ہے کہ اسٹارٹر جو انجن کے نچلے حصے پر دائیں یا بائیں جانب نیچے ایک موٹر کی شکل میں ہے اس کی دیکھ بھال کے لیے اوپر دیے ہوئے TERMINALS کی جانچ کریں۔ اگر گندے ہوں تو صاف کر کے مناسب اوزار کی مدد سے دوبارہ اسی مقام پر اچھی طرح کس دیں۔ اس کے باوجود یہ نظام میں خرابی پیدا کرے تو کسی گیراج سے اس کا مکمل معائنہ کروائیں۔

۳۔ IGNITION & FUEL SYSTEM:-

انجن کو اسٹارٹ کرنے کے لیے اس کے IGNITION نظام کا درست ہونا بہت ضروری ہے۔ اس کے لیے پلگ، پوائنٹ، ڈسٹری بیوٹر کیپ اور پلگ کیبل کو اچھی طرح جانچیں۔ اگر پلگ اور پوائنٹ خراب ہوں تو نئے استعمال کریں۔ اگر ان چیزوں پر بازار میں دستیاب IGNITION SPRAY استعمال کیا جائے تو نمی کے اثرات ... سے اسٹارٹنگ کی دقت کم ہو سکتی ہے۔

پٹرول کے نظام میں کاربوریٹر اور ایئر کلینر فلٹر کو دیکھیں، اگر فلٹر گندہ ہو تو نیا فلٹر استعمال کر کے آپ پٹرول کی بچت میں خاطر خواہ کر سکتے ہیں۔ CHOKE جو انجن کو درجۂ حرارت کے مطابق ... کرنے میں مدد کرتا ہے اس کے ADJUSTMENT کو بھی جانچ لیں۔

بعض اوقات پٹرول کے ... پانی کی مقدار ... سے پورے نظام میں خرابی پیدا ہو سکتی ہے۔ اس کی روک تھام کے لیے بازار میں دستیاب FUEL LINE ANTI FREEZE استعمال کر سکتے ہیں ... ڈرائیونگ کے دوران پٹرول ٹینک ¾ بھرا ہوا ہو۔ اس FUEL SYSTEM میں پانی کی ملاوٹ کم ہوگی ... پٹرول ٹینک میں تیل کی سطح بہت نیچے ہو تو گرد ... ہوا ... داخل ہو کر اس کی آمد و رفت میں رکاوٹ پیدا کر سکتی ہے ... پٹرول کی لائن اور انجن کے ... کے لیے ... [illegible] ... استعمال کر سکتے ہیں۔

۴۔ ... (COOLING SYSTEM):-

... COOLING SYSTEM ... THERMOSTAT ... LEAKS ... ANTI FREEZE سے COOLING SYSTEM کو بھر دیں (اس میں حسب ضرورت پانی کی مقدار بھی شامل کر سکتے ہیں) عام استعمال شدہ پانی انجن میں جم جانے کے بعد اسے CREAK کر سکتا ہے۔ واٹر پمپ اور اس کے BELT کو بھی جانچ لیں۔ اگر BELT نرم یا خراب ہو تو اسے تبدیل کر دیں۔

۵۔ تیل اور اس کا نظام (OIL & LUBRICATION):-

تیل پر درجۂ حرارت کے اثرات اس کے موٹے یا پتلے پن میں کمی بیشی پیدا کرتے ہیں۔ گرمی سے تیل پتلا اور سردی سے گاڑھا ہو جاتا ہے۔ اس لیے موسم سرما میں انجن میں تیل کے نمبر کا بہت خیال رکھا جاتا ہے۔ اگر انجن میں گاڑھا تیل موجود ہو تو اسے کم نمبر یا ملٹی گریڈ تیل MULTI-GRADE OIL سے تبدیل کر دیں۔ بازار میں عام استعمال کے تیل کے علاوہ ملٹی گریڈ تیل یا پتلے تیل آسانی سے مل جاتے ہیں جو کار کے انجن کے مطابق استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ انجن کے تیل کی تبدیلی ہر ساٹھ دن میں یا دو ہزار میل چلنے کے بعد لازمی ہو جاتی ہے۔ اور ہر دو مرتبہ تیل کی تبدیلی پر آئیل فلٹر تبدیل کرنا بھی ضروری ہے۔ اس عمل سے انجن کی زندگی میں اضافہ کے علاوہ پٹرول کے خرچ میں بچت بھی ہو سکتی ہے۔

۶۔ جنریٹر (ALTERNATOR OR GENERATOR):-

جنریٹر، FAN BELT کی مدد سے چلتا ہے۔ اس کا اہم کام بیٹری کو چارج کرنا ہے جس سے بیٹری کی قوت برقرار رہتی ہے۔ ان دونوں کے درمیان REGULATOR ہوتا ہے جو مقررہ وقت پر حسب ضرورت کرنٹ بیٹری کو پہنچاتا ہے۔ ان دونوں آلات کی جانچ لازمی ہے۔ اس کے TERMINAL کو بھی دیکھ لیں اگر کوئی ٹوٹا ہوا یا ڈھیلا ہو تو صاف کر کے دوبارہ اسی مقام پر لگا دیں۔ اس کے باوجود اگر بیٹری مکمل چارج نہ ہو تو کسی سروس اسٹیشن پر اس کی جانچ کرالیں۔

۷۔ WINDSHIELD & WIPERS:-

کار کے سامنے والے شیشے (WINDSHIELD) کو صاف رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ DEFROSTING SYSTEM درست ہو۔ یہ عمل کار کے اندر شیشے کے قریب کی درازوں سے آنے والی گرم ہوا سے مکمل ہوتا ہے۔ اگر اس نظام کے پرزوں میں خرابی ہو تو اس کی جانچ کرالیں۔ باہر شیشے کی صفائی کے لیے وائپر بلیڈ استعمال ہوتے ہیں جو ایک بجلی کی موٹر سے چلتے ہیں۔ وائپر بلیڈ اگر صحیح طور پر شیشے کو صاف نہ کر سکیں تو انہیں تبدیل کر دیں۔ شیشے کی مزید صفائی کے لیے کاروں میں WINDSHIELD WASHER لگے ہوتے ہیں۔ جو کار کے اندر دیے ہوئے بٹن سے کام میں لائے جاتے ہیں۔ موسم سرما میں اس مقصد کے لیے ANTIFREEZE استعمال کرتے ہیں۔ انجن کے قریب دیے ہوئے پلاسٹک کے WASHER بکس میں پانی کی مقدار دیکھیں اگر کمی ہو تو اسے پورا کریں۔ با حفاظت ڈرائیونگ کے لیے سامنے کے شیشے کی صفائی بے حد ضروری ہے۔

۸۔ ٹائر (TIRE):-

سردیوں کے موسم میں اکثر کار کے چلنے کے دوران ... پانی ... ایسے حادثات پھسلنے ٹائر کی تبدیلی نہ کرنے سے وجود میں آتے ہیں۔ چنانچہ ان سے بچنے کے لیے سردیوں میں SNOW TIRE ضرور استعمال کریں۔ یہ ٹائر کار کو متوازن رکھنے کے علاوہ پھسلنے سے بھی بچاتے ہیں۔ مزید یہ کہ اس سے TRACTION میں اضافے کی بنا پر کار آسانی سے چلائی جا سکتی ہے۔ ٹائر میں ہوا کے دباؤ TIRE PRESSURE کو مقررہ مقدار سے ... پاؤنڈ ... کر سکتے ہیں یا اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

۹۔ بریک (BREAKES):-

کار کو ٹھیک طرح سے روکنے یا بریک لگانے کی اہمیت دوسری تمام باتوں سے زیادہ ہے۔ چاروں پہیوں کو یکساں رکنا نہایت ضروری ہے۔ اگر کسی ایک پہیے میں بریک کم یا زیادہ ہو تو کار بریک لگانے کے دوران ایک طرف کو PULL کرتی ہے۔ انجن کے قریب دیے ہوئے بریک ماسٹر سلنڈر میں بریک آئیل کی مقدار کا جائزہ لیں اگر کمی ہو تو اسے تیل سے پورا کریں۔ اس کے علاوہ بریک لائنوں میں LEAK کو دیکھیں اگر کہیں بریک آئیل کا اخراج معلوم ہو تو مکمل بریک کی سروس کے لیے فوراً کسی گیراج سے رابطہ قائم کریں۔ صرف بریک کی کمزوری کی وجہ سے کچھ لوگ ہائی وے HIGH WAY پر حادثات کا شکار ہو جاتے ہیں۔

۱۰۔ لائٹیں (LIGHTS):-

کار کی تمام لائٹیں یعنی سامنے والی بڑی لائٹیں، پارکنگ لائٹ، بریک لائٹ، INDICATORS، اندر کی پینل لائٹ PANEL LIGHT اور دیگر استعمال میں آنے والی لائٹوں کو جانچ لیں۔ بعض اوقات صرف ایک فیوز کی خرابی سے سارے برقی نظام میں خرابی ہو سکتی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ پہلے فیوز بکس کو اچھی طرح دیکھ لیں۔

۱۱۔ کار ہیٹر (HEATER):-

ہیٹر کے غیر ضروری استعمال سے بیٹری کمزور ہو سکتی ہے۔ اس کی خاطر خواہ دیکھ بھال سے اچھی کارکردگی کے علاوہ آرام دہ سفر کی سہولت بھی میسر آتی ہے۔

۱۲۔ زنگ سے بچاؤ (RUST PROTECTING):-

برف باری میں عام طور پر کاروں کے دروازے اور تالے کھولنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ اگر تیل یا GRAPHITE لگا دیں تو ان کے کھولنے میں آسانی ہوتی ہے۔ کار کے کسی حصے پر معمولی سا زنگ ہو تو اسے TOUCH UP PAINTS سے دور کر دیں کیونکہ یہی معمولی زنگ کا حصہ بڑا ہو سکتا ہے۔ کروم CHROME والے حصوں پر گریس لگا کر ان کی چمک کو برقرار رکھا جا سکتا ہے اور سرد موسم کے ختم ہونے کے بعد گریس صاف کی جا سکتی ہے۔

موسم سرما کی ڈرائیونگ کے دوران آپ درج ذیل چیزیں ضرور ساتھ رکھیں:-

(۱) برف صاف کرنے کے لیے SCRAPER & BRUSH۔

(۲) شہر سے باہر جانا ہو تو بیلچہ (SHOVEL) ساتھ رہے۔

(۳) ICE SALT جو کہ برف کو پانی میں تبدیل کرنے کے لیے بہت موزوں ہے۔ اسے اگر رات کار پارک کرتے وقت پچھلے پہیوں کے آگے پیچھے ڈال دیں تو صبح کار آسانی سے نکل سکتی ہے۔

(۴) اگر آپ کو اپنی کار کی بیٹری پر پورا اعتقاد نہ ہو تو اپنے ساتھ BOOSTER رکھ لیں تاکہ ضرورت پڑنے پر کام آ سکے۔

امید ہے کہ مندرجہ بالا اصولوں پر عمل کر کے آپ اپنی کار کو اس سرما میں بغیر کسی پریشانی کے استعمال کر سکیں گے۔

خودمختاری کا نعرہ لگانے والے کشمیری عوام کے دوست نہیں ہو سکتے

ملک کے اندر تو خودمختاری دی جا سکتی ہے

نومبر (اپ پ) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ... کے امکانات کو مسترد کر دیا ہے۔ ... ایک سربراہ مملکت ... آزادی حاصل کر لی ہے ... ہم ہر صورت میں اس کا دفاع اور تحفظ کریں گے اور اسے ہرگز ... نہیں چھوڑیں گے۔



غلام مصطفیٰ کھر بلا مقابلہ پنجاب کے وزیراعلیٰ منتخب ہو گئے

لاہور۔ نومبر (اپ پ) غلام مصطفیٰ کھر آج بلا مقابلہ ...

آزاد کشمیر کی حیثیت کا فیصلہ کشمیر کی سیاسی جماعتوں کی مرضی سے کیا جائیگا

اسے مکمل صوبہ کا درجہ دینے کی بجائے صوبائی حیثیت دینا زیادہ بہتر رہے گا۔ وزیراعظم

مظفرآباد۔ نومبر (اپ پ) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی موجودہ حیثیت میں کوئی رد و بدل کشمیری سیاسی جماعتوں کی منظوری کے بغیر نہیں کیا جائے گا۔ ... پریس آف پاکستان کو ایک انٹرویو میں انہوں نے دعوت دی کہ آزاد کشمیر کی سیاسی جماعتیں اپنی تجاویز پیش کریں کہ مستقبل کا انتظام کیا ہو۔ وزیراعظم نے کہا تین متبادل صورتیں ممکن ہیں ایک یہ کہ آزاد کشمیر کی موجودہ حیثیت برقرار رکھی جائے۔ دوسری یہ کہ اسے پاکستان کا ایک باضابطہ مکمل صوبہ بنا دیا جائے۔ اور تیسری یہ کہ اسے عبوری صوبائی حیثیت دے دی جائے۔ تینوں صورتوں میں پاکستان کے کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کے موقف پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ تاہم وزیراعظم کے مطابق ان کے نزدیک بہتر یہ ہے کہ آزاد کشمیر کو مکمل صوبہ کا درجہ دینے کی بجائے عبوری صوبائی حیثیت دے دی جائے۔ ... انہوں نے کہا یہ فیصلہ کرنا کشمیری عوام کا کام ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آزاد کشمیر کے مستقبل کے نظام میں پوری ریاست جموں و کشمیر کو پاکستان کی قومی اسمبلی میں نمائندگی حاصل ہوگی۔

کشمیر کی آزادی کے لیے حکومتِ پاکستان اپنی جدوجہد تیز کر رہی ہے

پورے جموں و کشمیر پر پاکستان کا حق ہے : مقبوضہ کشمیر کے عوام پاکستان کے ساتھ شامل ہو جائیں

پاکستان پر بالادستی کا بھارتی خواب کبھی پورا نہیں ہوگا

بھارت اور پاکستان کی فیڈریشن نہیں بننے دی جائے گی، وزیراعظم بھٹو

منگلا۔ نومبر (اپ پ) وزیراعظم بھٹو نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان اپنی کمزوریوں اور کوتاہیوں پر قابو پانے کی جدوجہد کر رہا ہے اس کی قوت اور اہمیت دن بدن بڑھ رہی ہے اور حکومت جموں و کشمیر کو آزاد کرانے اور کشمیری عوام کو ان کا حق خود ارادیت دلانے کی کوششیں تیز تر کر رہی ہے۔ آج انہوں نے منگلا میں ... ایک استقبالیہ اور بعد میں ایک عام جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کشمیر کے مسئلہ کے فوری حل پر زور دیا اور کہا کشمیر کے مسئلہ پر پاکستان کی حکومت کسی قسم کی سودے بازی نہیں کرے گی۔ کشمیری عوام کے مفادات کو قربان کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ... مسلم آبادی کی اکثریت کی آبادی کی بنیاد پر تقسیم ہوا تھا اس لئے جموں و کشمیر کے عوام کو اب پاکستان کے ساتھ شامل ہو جانا چاہیئے اب پاکستان روز بروز مستحکم ہو رہا ہے اور بھارت جو مشرقی پاکستان کو زبردستی علیحدہ کر کے پاکستان پر اپنی بالادستی قائم کرنے کا خواب دیکھ رہا تھا اب ایسا کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا۔

حضرت مریم کا مرقد کھولا گیا

قبر اندر سے خالی نکلی

ویٹیکان۔ نومبر (اپ پ) ایک ممتاز ... نے انکشاف کیا ہے کہ آثار قدیمہ نے بیت المقدس میں ... کے بارے میں حضرت مریم کے مزار کی کھدائی کی اور ان کی قبر کو کھول کر دیکھا اور اندر سے خالی پایا۔ اس دریافت سے عیسائیوں کے اس عقیدہ کی تصدیق ہو گئی ہے کہ حضرت مریم کو آسمان کی طرف اٹھا لیا گیا تھا۔

مقبوضہ کشمیر کی آزادی اور پاکستان سے الحاق تک آزاد کشمیر کی موجودہ حیثیت برقرار رکھنا انتہائی ضروری ہے : سردار عبدالقیوم خاں

آزاد کشمیر کو پاکستان کا صوبہ بنانے کے بارے میں خود وزیراعظم کا بیان غیر واضح ہے

لاہور۔ نومبر (ارشاد رپورٹر) آزاد کشمیر کے صدر سردار عبدالقیوم نے آج یہاں مسلم کانفرنس کے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر کا قیام نظریاتی بنیادوں پر عمل میں لایا گیا تھا لہٰذا جب تک مقبوضہ کشمیر کی آزادی اور پاکستان سے اس کے الحاق کا فیصلہ نہیں ہوتا آزاد کشمیر کی موجودہ حیثیت قائم رکھنا بے حد ضروری ہے۔ آپ نے کہا کہ ان کی جماعت مسلم کانفرنس کا نظریہ اس سلسلہ میں سب کے سامنے ہے انہوں نے کہا کہ ان کی جماعت آزادی کی جدوجہد میں مصروف ہے اور ہر قیمت پر یہ جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ آپ نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ عوام میں محاسبہ کی عادت ختم ہوتی جا رہی ہے اور وہ ایک خاص منشور کا پرچار کرنے اور اس پر قائم رہنے کا وعدہ کرنے والے ان نمائندوں کا محاسبہ نہیں کرتے جو اپنے منشور کو چھوڑ کر بک جاتے ہیں۔ سردار عبدالقیوم نے کہا کہ ووٹ لے کر عوام کو فروخت کرنے کا سلسلہ اس وقت تک جاری رہیگا جب تک عوام میں محاسبہ کی عادت پیدا نہیں ہوگی۔ انہوں نے تقریب کے موقع پر کشمیر صوبہ نہیں بنے گا ... کے نعرے لگانے والے طلباء کے ایک گروپ کو ...

اسلامی ملکوں کے سربراہوں کی کانفرنس جلد پاکستان میں منعقد ہوگی

اسلامی سیکرٹریٹ کا اعلان :

جدہ۔ نومبر (اے آئی آر۔ پی پی سی) اسلامی سیکرٹریٹ کے سربراہ تنکو عبدالرحمٰن نے آج یہاں پہنچنے پر اعلان کیا کہ جلد ہی پاکستان میں اسلامی ممالک کے سربراہوں کی ایک کانفرنس منعقد ہوگی جس میں مشرق وسطیٰ کے تنازعہ کے تصفیے کے لیے ٹھوس اقدامات پر غور کیا جائے گا۔ اس سے پہلے انہوں نے ریاض میں شاہ فیصل اور اسلام آباد میں وزیراعظم بھٹو سے ملاقات کی تھی۔ تنکو عبدالرحمٰن نے کہا کہ مجھے صدر سادات کا ایک پیغام ملا ہے جس میں انہوں نے مشرق وسطیٰ کے بارے میں اسلامی ملکوں کی سربراہی کانفرنس بلانے کا خیر مقدم کیا ہے۔

بنگلہ دیش میں خودکشی کی وارداتوں میں خوفناک اضافہ

ڈھاکہ۔ نومبر (رائٹر) بنگالی خبر رساں ایجنسی کے مطابق پچھلے نو ماہ کی مدت میں اتصال ... ضلع چاٹگانگ میں ... افراد خودکشی کر چکے ہیں۔ ایجنسی نے پولیس کے حوالے سے کہا ہے کہ خودکشیوں کی یہ تعداد پچھلے سال کے اسی نو مہینوں کی تعداد کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے۔ خودکشی کا سبب مالی خرابی، گھریلو پریشانیاں اور افلاس و دیوانگی بیان کی گئی ہے۔



وزیراعظم مظفرآباد (آزاد کشمیر) میں عوام کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

مظفرآباد۔ نومبر (اپ پ) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی خواہش ہے کہ وہ اپنی زندگی میں کشمیر کو آزاد ہوتا دیکھیں جہاں کشمیری عوام اپنی مرضی کے مطابق زندگی بسر کر رہے ہوں اپنے آزاد علاقہ میں سرینگر جانا پسند کروں گا اور شالیمار باغ میں اپنے کشمیری بھائیوں سے ملوں گا جہاں میں جایا کرتا تھا اور جہاں کے نشاط چشمہ سے پانی پیا کرتا تھا۔ پاکستان کے وزیراعظم نے ...

باقی صفحہ ... پر

۰۰۰ پولیس والے زخمی چار سو نوجوان گرفتار ۵ لاکھ ڈالر کی املاک تباہ

مسلمانوں کے مکان اور دکانیں لوٹ لیں

[illegible]

اطلاعات کے مطابق سرکاری دفتروں اور بھارتی فوجی گاڑیوں پر پتھر پھینکے گئے ہیں ۔ [illegible]

اس وقت مقبوضہ ریاست میں پاکستان کے حامی طلباء کے مظاہرے زوروں پر ہیں۔ گذشتہ دو ہفتوں کے دوران میں سرکاری اندازے کے مطابق ۵ لاکھ ڈالر سے زائد کی املاک نذر آتش کی جا چکی ہیں۔ مشتعل طلباء سرینگر اور دیگر شہروں میں سرکاری عمارات، سیاحوں کی [illegible]

بنگلہ دیش میں مسلم بنگال کی تحریک زور پکڑ گئی

متعدد مقامات پر اسلحہ لوٹ لیا گیا : پولیس کے ۸ سپاہی ہلاک

شیخ مجیب کی حکومت اپنی مقبولیت کھو بیٹھی ہے : بھارتی اخبارات کا تبصرہ

ڈھاکہ (نومبر) اپ پ ۔ بنگلہ دیش میں شیخ مجیب اور بھارت کے خلاف زبردست مہم شروع ہو گئی ہے۔ متعدد مقامات پر مظاہرے اور قتل و غارت گری کا بازار گرم ہے۔ بھارتی اخبارات نے انکشاف کیا ہے کہ مسلم بنگال کی تحریک زور پکڑ گئی ہے اور عوامی لیگ کے وہی خواہ جنہوں نے پاکستان سے علیحدگی کا نعرہ بلند کیا تھا تھوڑے ہی عرصہ میں اس نام نہاد آزادی کے ثمرے متنفر ہو گئے ہیں۔ اخبارات نے لکھا ہے کہ بنگلہ دیش پولیس مظاہرین اور لوٹ مار کرنے والوں کا قلع قمع کرنے میں ناکام رہی ہے۔ ٹائمز آف انڈیا میں شائع ہونے والے ایک مکتوب میں نامہ نگار نے لکھا ہے کہ مسلم بنگال اور چین کے حق میں نعرہ بلند کرنے والے افراد پولیس کے علاوہ تشدد کو ختم کرنے کے لئے تھانوں اور پولیس چوکیوں پر حملے کر رہے ہیں [illegible] اخبار نے لکھا ہے کہ ضلع راجشاہی کے ایک پولیس سٹیشن پر اس قسم کے تخریب کاروں نے حملہ کر کے ہتھیار لوٹ لئے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ شیخ مجیب نے حال ہی میں اعلان کیا ہے کہ غیر قانونی اقدامات کرنے والے عناصر کا قلع قمع کر دیا جائے گا۔ اس قسم کے واقعات گھٹنے کی بجائے بڑھ رہے ہیں۔ بنگلہ دیش سے موصولہ اطلاعات کے مطابق وہاں بھوک و ننگ کا دور دورہ ہے اور لوٹ مار کی وارداتیں بڑھ رہی ہیں اور تخریب پسند عناصر کے گروہ تھانوں پر حملہ کر کے اسلحہ لوٹ رہے ہیں۔ اخبارات نے لکھا ہے کہ یہ عناصر ہی نہیں بلکہ تخریب پسندوں کے گروہ در گروہ دیہات میں پھیل گئے ہیں جو ان کارروائیوں میں مصروف رہتے ہیں۔

اب حکمران جماعت ہاتھ بڑھائے : پروفیسر غفور احمد

حیدرآباد (نومبر) اپ پ ۔ متحدہ جمہوری محاذ کے جنرل سیکرٹری پروفیسر غفور احمد نے کہا ہے کہ حزب اختلاف نے ماضی میں ہمیشہ حکمران جماعت سے تعاون کیا ہے اور اب حکمران جماعت کا فرض ہے کہ وہ سرحد اور بلوچستان کے صوبوں میں سابقہ حکومتوں کو بحال کر کے اپوزیشن کی طرف تعاون کا ہاتھ بڑھائے۔ وہ گذشتہ روز یہاں ایک عام جلسہ سے خطاب کر رہے تھے۔



کشمیر بھارت کا حصہ ہے دونوں کے تعلقات خراب کرنے کا کسی کو حق نہیں : شیخ عبداللہ

بھارت میں مسلم لیگ کو بحال کرنے کی کوشش مسلمانوں کے لئے تباہ کن ہوں گی

مقبوضہ کشمیر کی حیثیت بھارتی آئین میں متعین کر دی گئی ہے

سرینگر (نومبر) پی ٹی آئی ۔ شیخ عبداللہ نے کہا ہے کہ کشمیر اور بھارت کے تعلقات خراب کرنے کا حق کسی کو نہیں پہنچتا۔ مقبوضہ کشمیر بھارت کا حصہ ہے اور اس کی حیثیت بھارتی آئین میں متعین ہے۔ شیخ عبداللہ پٹنہ میں اخباری نمائندوں سے باتیں کر رہے تھے۔ آل انڈیا ریڈیو نے ان کے حوالے سے بتایا کہ شیخ عبداللہ نے بھارت میں مسلم لیگ کو دوبارہ بحال کرنے کی کوشش کی بھی مخالفت کی اور کہا اگر ایسا کیا گیا تو اس کے نتائج تباہ کن ہوں گے اور ہندو اکثریت مسلمانوں کے خلاف مشتعل ہو جائے گی۔ خیال رہے کہ شیخ عبداللہ گذشتہ دنوں اعلان کر چکے ہیں کہ وہ اب بھارت کی قومی سیاست میں حصہ لینے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

قبائلی عوام کی آزادی کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں چھین سکتی : بھٹو

کابل حکومت پختونستان کے بارے میں اپنے دلائل کا اطلاق خود افغانستان پر کرے

نسلیں تقسیم ہو سکتی ہیں قومیں تقسیم نہیں ہو سکتیں

باجوڑ (نومبر) اپ پ ۔ وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ایک بار پھر ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے اور دوستانہ تعلقات کے قیام پر یقین ظاہر کیا ہے مگر ساتھ ہی متنبہ کیا ہے کہ پاکستان اپنے داخلی امور میں کسی کی مداخلت برداشت نہیں کرے گا۔ آج صوبہ سرحد کے سات روزہ دورہ پر یہاں پہنچنے کے فوراً بعد وزیراعظم نے ایک بڑے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان افغانستان کے مسلمان بھائیوں کے ساتھ برادرانہ اور دوستانہ تعلقات کا خواہاں ہے لیکن داخلی امور میں مداخلت کسی شکل میں برداشت نہیں کی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ سرحد کے عوام نے برصغیر کے باقی مسلمانوں کے ساتھ مل کر قیام پاکستان کے لئے عظیم قربانیاں دی تھیں۔ وہ آزادی کی قدر و قیمت سے واقف ہیں اور آزادی کے تحفظ کے لئے ضرورت پڑنے پر اب بھی ہر قسم کی قربانی دے سکتے ہیں۔ وزیراعظم نے متنبہ کیا کہ پٹھانوں کی آزادی کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں چھین سکتی۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں مغربی جرائد کی دریدہ دہنی

امریکی اور برطانوی جرائد نے جو مسلمانوں کی دلآزاری کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ ایک بار پھر یہ مذموم سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔ یہ اخبارات مشرق وسطیٰ کی جنگ کے سلسلہ میں حقائق کے برعکس خبریں شائع کرنے کے علاوہ اپنی تصاویر اور مضامین کے ذریعہ بھی عربوں کے خلاف زہر افشانی کرتے رہتے ہیں۔ امریکی جریدہ ٹائم نے جس کا انتظام زیادہ تر یہودیوں کے ہاتھ میں ہے اپنے تازہ شمارہ میں مشرق وسطیٰ کی جنگ کو مذہبی رنگ دیتے ہوئے جہاد کے بارے میں حضور کی تعلیمات کی توجیہہ کی ہے [illegible]

یکجا ہو گیا ہے اور وہ نہیں وہ تمام ذرائع اور وسائل استعمال کرنے کا پورا اختیار ہے جو ایک مملکت کی بقا اور سلامتی کے لئے ضروری ہوتے ہیں۔ اس بنیاد پر اس جریدہ نے مشرق وسطیٰ کی موجودہ لڑائی کو ایک مذہبی جنگ قرار دیا ہے اور بتایا ہے کہ قرآن کے بعض حصوں میں جہاد کا مطلب اللہ کی راہ میں جدوجہد اور کوشش کرنا ہے لیکن مضمون کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے رفقا کی فتوحات کے بعد جہاد کی اہمیت فوجی ہو گئی۔ اس نفرت انگیز مضمون میں یہ بھی تحریر کیا گیا ہے کہ جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

پاکستانی عوام کے نام، ایک پیغام


وطن عزیز کے استحکام اور خوشحالی کے لئے آگے بڑھئے

اور اس بات کا فیصلہ کیجئے کہ آپ ہمیشہ

اپنی قومی ایرلائن پی آئی اے کے ذریعے سفر کرینگے

Have your family visit you. $689.

Or visit your family. $499.



Pakistan International Airlines announces a new low-cost round trip fare that will make it easier for your family to visit America.

$689 brings them here.

For only $689 per person (U.S. currency) PIA flies your family round trip economy class from all major cities in Pakistan to New York on a 15 to 120 day excursion. They may enjoy one stopover in Pakistan in each direction.

Go see them for $499.

Or if you wish, PIA will fly you to Karachi on a 15 to 120 day excursion for only $499.

Feel at home.

All PIA jet flights let you feel especially at home. Your stewardesses and hostesses are clad in an elegant PIA rendition of the customary attire. Each flight also includes a special dinner and breakfast.

And next year PIA will add DC-10 Super Jets for your extra comfort.

Take advantage of these long-awaited low-cost excursion fares to see your family and friends again. After all, they miss you as much as you miss them.

For more information, see your travel agent or call your local PIA office or mail this coupon today.

PIA

Altaf Ahmed CRES. S P.
Pakistan International Airlines
545 Fifth Avenue, New York, N.Y. 10017

Please send me more information on the PIA low-cost round trip excursion fares between New York and Pakistan.

Name____________________

Street____________________

City________ State________ Zip________

PAKISTAN INTERNATIONAL AIRLINES
Pakistan International Airlines, 545 Fifth Avenue, New York, New York 10017

TORONTO:
Mr. A. [illegible]
Pakistan International Airlines
Royal Trust Tower - TD Centre, [illegible]
(416) 364-1375

MONTREAL:
Mr. J. Vali
Pakistan International Airlines
1 Place Ville Marie, Montreal, P.Q.
(514) 861-2495

صدائے پاکستان

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے، جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی
اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

کشمیر کا مستقبل ۔!

وزیراعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے اپنے پانچ روزہ دورہ آزاد کشمیر کے پہلے دن نیلم سٹیڈیم کے جلسہ عام، صدر آزاد کشمیر کی طرف سے دیئے گئے استقبالیہ اور لیپا میں استقبال کرنے والوں کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کشمیریوں کے پیدائشی حق خود اختیاری کے بارے میں پاکستان کے غیر متزلزل اور قطعی موقف کا جس انداز میں اعادہ کیا ہے اس پر محب وطن پاکستانی اور کشمیری حلقوں میں یقیناً اطمینان و پسندیدگی کا اظہار کیا جائے گا۔ بعض حلقوں میں کچھ عرصہ سے اس قسم کے تشکیک و خدشات ظاہر کیے جا رہے تھے کہ نیا پاکستان شاید مختلف النوع دباؤ، اپنی مشکلات و مصائب کے بوجھ، مادی وسائل کی کمی اور کئی دوسری وجوہ کے باعث اپنا دیرینہ موقف اختیار کرنے میں دقت محسوس کرے۔ بعض حلقوں میں تو یہ تاثر مایوسی کی حدود کو چھونے لگا تھا لیکن وزیراعظم بھٹو نے کشمیر کے بارے میں بڑے واضح اور دو ٹوک الفاظ میں ان خدشات کا ازالہ کر دیا ہے۔ انہوں نے بڑے واضح طور پر بتا دیا ہے کہ کشمیری عوام کے حقوق کے بارے میں کسی قسم کی سودے بازی نہیں کی جائے گی اور دنیا کی کوئی طاقت کشمیریوں کے ناقابل تنسیخ حق خود اختیاری کو چھین نہیں سکتی۔

مسٹر بھٹو نے کشمیر کے مستقبل کے بارے میں بھارت سے بات چیت پر آمادگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شملہ معاہدہ میں کشمیری عوام کے حق خود اختیاری کے بارے میں پاکستان کے موقف کو واضح طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ جنگی قیدیوں کی واپسی فروری یا مارچ تک مکمل ہو جائے گی۔ پھر شملہ معاہدہ کے تحت بھارت کے ساتھ تمام بنیادی اور متنازعہ مسائل پر بات چیت ہوگی۔ ان میں کشمیر کا مسئلہ بھی شامل ہے اور مناسب وقت پر زیر بحث آ سکتا ہے۔ کشمیر کا تنازعہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس نے پاکستان اور بھارت کے تعلقات کو گزشتہ ربع صدی سے مسموم کر رکھا ہے۔ یہ مسئلہ سب سے زیادہ اہم اور بنیادی اہمیت کا حامل ہے اور اس کی اہمیت کا اندازہ اس حقیقت سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ دورانے زمانہ "اعلان تاشقند" میں بھی اسے پاکستان اور بھارت کے مابین تمام تنازعات کی اصل وجہ کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا تھا۔ پاکستان نے ہمیشہ یہ کوشش کی کہ اس تنازعہ کو حق و انصاف کے اصولوں کی بنا پر پرامن طریقہ سے حل کیا جائے۔ لیکن بھارت نے اسے طاقت کے بل پر طے کر لینے کی کوشش کی۔ بھارتی حکمران اقوام متحدہ کے منشور، سلامتی کونسل کی قراردادوں اور خود اپنے بین الاقوامی مواعید کو پس پشت ڈالتے ہوئے کشمیری عوام کے پیدائشی حق خود اختیاری کو غصب کر رہے ہیں اور کشمیر کے ایک وسیع و عریض رقبہ پر ٹینکوں اور سنگینوں کے بل پر قبضہ کئے ہوئے ہیں۔ اور کشمیری عوام کو مسلسل ان کے حقوق سے محروم رکھنے کی غرض سے برصغیر کو کم از کم تین مرتبہ جنگ کی تباہ کاریوں سے دوچار کر چکے ہیں۔ دسمبر ۱۹۷۱ء کی جنگ کے بعد ۔ بلکہ مشرقی پاکستان پر عریاں جارحیت کے ذریعہ قبضہ کے بعد ۔ برصغیر میں مسائل و تنازعات کو ایک بار پھر باہمی مذاکرات اور بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی کوشش شروع ہوئی ہیں۔ وزیراعظم نے بجا طور پر ایک بار پھر یہ مسئلہ مذاکرات کی میز پر حل کرنے کی خواہش ظاہر کی ہے اور ہم اس پر اللہ تعالیٰ سے یہ دعا ہی کر سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ بھارتی حکمرانوں کو برصغیر میں امن و آشتی کی اہمیت سے آگاہ ہونے کی توفیق عطا فرمائے اور یہ بات چیت کامیابی سے ہمکنار ہو۔

وزیراعظم بھٹو نے آزاد کشمیر کے داخلی معاملات کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کے حتمی تصفیہ تک کشمیری عوام کو حکومت کے ڈھانچہ کے بارے میں کوئی فیصلہ کر لینا چاہیئے۔ اگر کشمیر کے عوام چاہیں تو آزاد کشمیر کو صوبہ کی حیثیت دی جا سکتی ہے وہ اگر پاکستان کی طرح پارلیمانی نظام کے متمنی ہوں تو اس پر بھی کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ وزیراعظم نے آزاد کشمیر کو قومی اسمبلی میں نمائندگی دینے پر آمادگی کا اظہار کیا اور اس کے ساتھ ہی واضح کر دیا کہ یہ تمام صورت حال کشمیر کا مسئلہ حل ہونے تک عبوری حیثیت کی ہوگی۔

بظاہر اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہونا چاہیئے۔ کیونکہ آزاد کشمیر میں جو بھی صورت اختیار کی جائے گی وہ عارضی نوعیت کی ہوگی جس طرح موجودہ انتظام کو عارضی حیثیت حاصل ہے۔ آزاد کشمیر اور بھارتی مقبوضہ کشمیر نے ایک نہ ایک دن متحد ہونا ہے کشمیری عوام ایک نہ ایک دن اپنے پیدائشی حق خود اختیاری سے ہمکنار ہوں گے۔ اور اپنے مستقبل کے بارے میں یہ فیصلہ کریں گے کہ انہوں نے پاکستان میں شامل ہونا ہے یا بھارت سے ناطہ جوڑنا ہے۔ اس سلسلہ میں سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق ایک نہ ایک دن انہیں اپنی رائے ظاہر کرنے کا موقع ملے گا۔ اس وقت تک سب انتظام عارضی اور عبوری ہے۔ لیکن اس سلسلہ میں یہ بات قابل غور ہے کہ آزاد کشمیر کو پاکستان کا صوبہ بنانے یا اسے قومی اسمبلی میں نمائندگی دینے کے بعد بھارت کو یہ کہنے کا موقع مل جائے گا کہ کشمیر کی حیثیت تبدیل ہو گئی ہے اور اب یہ مسئلہ باقی نہیں رہا۔ وہ تو پہلے ہی کٹھ پتلی سری نگر اسمبلی کے انتخابات کو ہی رائے شماری کا بدل کہتا ہے۔ اگر پاکستان میں بھی آزاد کشمیر کو صوبائی حیثیت دی گئی تو پھر بھارتی حکمران اسے "طے شدہ" قرار دینے لگیں گے۔ پاکستان کے ارباب اقتدار و اختیار کو اس مسئلہ کے اس پہلو پر اچھی طرح غور کر لینا چاہیئے۔

● ایک اور پاکستانی قیدی کی شہادت

بھارت کے ایک نظربندی کیمپ میں ایک پاکستانی قیدی کو گولی مارنے کا واقعہ ایک سفاکانہ قتل کے سوا کچھ نہیں۔ اس ضمن میں بھارتی ملٹری حکام نے جو وضاحت کی ہے وہ مضحکہ خیز ہی تصور ہوگی۔ اس وضاحت میں کہا گیا ہے کہ پاکستانی جنگی قیدی نے کیمپ سے فرار ہونے کی کوشش کی تھی جس پر مسلح پہریداروں نے گولی چلا دی۔ کوئی بھی ذی عقل یہ ماننے کو تیار نہیں کہ اب جب کہ جنگی قیدیوں کی واپسی جاری ہے کوئی پاکستانی قیدی فرار ہونے کی کوشش کرے گا۔ اس وقت تک بھارت کے نظربندی کیمپوں میں چالیس سے زیادہ پاکستانی جوان شہید کئے جا چکے ہیں۔ ان کے بارے میں بھارتی حکام نے بڑی ڈھٹائی کے ساتھ اسی قسم کی وضاحتیں پیش کی ہیں لیکن ان کی جانب سے عالمی ریڈ کراس کے نمائندوں کو متعلقہ کیمپوں کا معائنہ کرکے جائزہ لینے کی بھی اجازت نہیں دی جاتی رہی۔

اب تک جو پاکستانی جنگی قیدی وطن واپس پہنچ چکے ہیں۔ انہوں نے ان واقعات کے بارے میں جو کچھ بتایا ہے وہ یہ باور کرنے کے لیے مزید ثبوت ہے کہ بھارتی مسلح پہریدار بلا جواز پاکستانی قیدیوں کو گولی کا نشانہ بناتے رہے ہیں۔ بھارت نے جنگی قیدیوں کو مسلسل قید میں رکھنے اور ان کے ساتھ سلوک کے ضمن میں جس طرح جینوا کنونشن اور بنیادی انسانی قدروں کو پامال کیا ہے اس کی مثال مہذب دنیا میں ملنی مشکل ہے۔ اب تک قائم رہتی ہے اور یہ بات بجائے خود اس امر کی دلیل ہے کہ بھارت کسی انسانی یا اخلاقی قدر کا قائل نہیں اس سے اس کے حکمرانوں کی جانب سے برصغیر میں امن قائم کرنے کی خواہش کے بارے میں وسوسے لاحق ہو جاتے ہیں۔ تازہ سانحہ ایسے وقت میں ہوا ہے جب کہ معاہدہ دہلی کے تحت پاکستان پوری خلوص نیت سے اپنی ذمہ داری پوری کر رہا ہے بھارتی حکمران اگر یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ اپنی ان قاتلانہ کارروائیوں کو ہمیشہ کے لیے جاری رکھ سکیں گے تو یہ ان کی بھول ہے انہیں مکافات کی سزا ضرور بھگتنی پڑے گی۔ نیز انہیں یہ جان لینا چاہیئے کہ اس قسم کی کارروائیوں سے دونوں ملکوں کے مابین مفاہمت کی راہ ہموار نہیں ہو گی بلکہ اس کے مضمرات خطرناک بھی ہو سکتے ہیں

اس مرحلہ پر ہم حکومت پاکستان سے استدعا کریں گے کہ وہ عالمی ریڈکراس کو اس سانحہ کے بارے میں اپنی ذمہ داری پوری کرنے پر زور دے۔

تیرے دریا میں طوفان کیوں نہیں ہے ؟
خودی تیری مسلماں کیوں نہیں ہے ؟
——— (اقبالؒ)

حدیث نبویؐ

ابو ہریرہؓ نے کہا کہ حضور کائنات صلعم نے فرمایا بیوہ عورت اور مسکین کی خبر گیری کرنے والا خدا کی راہ میں سعی کرنے والے کی مانند ہے آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ اس شب بیدار کی طرح کی مانند ہے جو سستی نہیں کرتا اور روزہ دار کی طرح جو کبھی افطار نہیں کرتا

(بخاری و مسلم)

روح اسلام کی ہے نور خودی نار خودی
زندگانی کے لیے نار خودی نور و حضور
یہی ہر چیز کی تقویم، یہی اصل نمود
گرچہ اس روح کو فطرت نے رکھا ہے مستور
لفظ اسلام سے یورپ کو اگر کد ہے تو خیر
دوسرا نام اسی دین کا ہے فقر غیور
(بال جبریل)

شیخ عبداللہ کی بھارت نوازی

کشمیر کے وہ شیر، مگر دل کے گوسفند
گاندھی کے بھگت نہرو کے دل سے نیاز مند
بانی ہندوستاں ہے جن کا ابھی تک بھی بند بند
کشمیر اُن سے کہتا ہے یہ کہا کر بڑی گزند !
قومے فروختند و چہ ارزاں فروختند
(نامعلوم)

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورونٹو کینیڈا

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

جلد ۲ — شمارہ ۱۸

سرینگر میں زبردست فسادات

پولیس کا شدید لاٹھی چارج اور آنسو گیس کا استعمال

ہنگاموں کا سبب شیخ عبداللہ کی بدلتی ہوئی پالیسی ہے : بی بی سی

مقبوضہ کشمیر میں ہنگاموں کے پیچھے پاکستان کا ہاتھ ہے : بھارت کا الزام

مسٹر بھٹو کے بیانات اور ہڑتال کی اپیل پر مجھے کوئی اعتراض نہیں

وزیر اعظم پاکستان کی تقاریر کا مقبوضہ کشمیر میں خاصا اثر پڑا ہے : شیخ عبداللہ کا اعتراف

سری نگر میں بسوں اور ٹیکسیوں کی مکمل ہڑتال رہی

میں کشمیر کے لیے جان تک دینے کو تیار ہوں

کشمیر اگر مردہ بھی ہو جائے تو زندہ ہو سکتا ہے — قطعی تندرست کر دوں گا

میں سرینگر کے دلیر اور جری نوجوانوں کو احترام سلام کرتا ہوں

صبر سے کام لیجیے اور شملہ معاہدے کے تحت ہونے والی بات چیت کے نتائج کا انتظار کیجیے

سرینگر کے حالیہ مظاہرے سے بھارتی لیڈروں کی آنکھیں کھل جانی چاہییں

(جموں و کشمیر کے عوام کے نام وزیر اعظم بھٹو کا پیغام)

بد دیانت ارکان قومی و صوبائی اسمبلی کے محاسبہ کیلئے آرڈیننس جاری کیا جائے گا

۲۷ ہزار ۳۰ بہ مہینہ چار ہزار پاکستانی جنگی قیدی واپس آئیں گے

اندرا گاندھی اپنے باپ کے وعدے پورے کریں : بھٹو


امریکہ پاکستان کو ہم ہزار ٹن خوردنی تیل دے گا

اسرائیل کی جنگی تیاریاں ایک نئی جارحیت کی تیاریاں ہیں

فتح گڑھ کیمپ میں سپاہی محمد فاضل کو گولی مار کر شہید کر دیا گیا

ہسپتال سے جب شہید کی میت کیمپ میں لائی گئی تو اس کے جسم پر ہتھکڑیاں نہیں اتاری گئی تھیں

بھارتی درندوں نے کہا کہ غلطی سے گولی چل گئی تھی



کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل عبدالحمید خان جنگی قیدیوں کا استقبال کر رہے ہیں

VOL.

C...
a...

Pakis...
steel ...
starts...

Ric...
fou...

Wel...